# بے جان چیزوں کی ڈرائنگز، پینٹنگز بنانے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

ڈرائنگز، پینٹنگز کرنے میں پھول، پتے بنا کراُن میں رنگ بھر سکتے ہیں؟ اور کن کن چیزوں کی ڈرائنگ اور پینٹنگ بنا کراُن میں رنگ بھر سکتے ہیں؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں، ڈرائنگزاور پینٹنگزمیں پھول، پتے بنا کران میں رنگ بھر سکتے ہیں، نیزاس کے علاوہ درخت، پہاڑ، سمندر، آسمان، سورج، چاند، ستارے وغیرہ جیسی بے جان یا غیر ذی روح چیزوں کو بنانا اوراُن میں رنگ بھرنا بھی جائز ہے؛ کیونکہ یہ سب غیر ذی روح کی تصویریں ہیں، اور غیر ذی روح کی تصویر بنانے اوران میں رنگ بھرنے میں کوئی حرج نہیں۔ ہاں جاندار کے چہرے کی تصویر بنانا، جائز نہیں ہے۔

**ذی روح کی تصویر بنانے کے متعلق** امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں:

"حضور سرورعالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ذی روح کی تصویر بنانا، بنوانا، اعزازاً اپنے پاس رکھنا سب حرام فرمایا اوراس پر سخت سخت وعیدیں ارشاد کیں اوران کے دور کرنے، مٹانے کا حکم دیا؛ احادیث اس بارے میں حدِ تواتر پر ہیں۔" (فتاوی رضویہ، جلد21، صفحہ426، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

**غیر ذی روح کی تصویر کے متعلق** امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "تصویر کسی طرح استیعاب مابہ الحیاۃ نہیں ہو سکتی، فقط فرق حکایت و فہم ناظر کا ہے، اگراس کی حکایت محکی عنہ میں حیات کا پتہ دے یعنی ناظر یہ سمجھے کہ گویا ذوالتصویر زندہ کو دیکھ رہا ہے تو وہ تصویر ذی روح کی ہے اوراگر

حکایت حیات نہ کرے، ناظر اس کے ملاحظہ سے جانے کہ یہ حی کی صورت نہیں میت و بے روح کی ہے، تو وہ تصویر غیر ذی روح کی ہے۔" (فتاویٰ رضویہ، جلد24، صفحہ587، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

"مجلس شرعی کے فیصلے "کتاب میں ہے "**غیر ذی روح کی صورت گری حرام نہیں**، اسی طرح غیر ذی روح کا کارٹون بھی حرام نہیں، کیوں کہ اس سے بھی حکایتِ حیات نہیں ہوتی۔" (مجلس شرعی کے فیصلے، جلد01، صفحہ387، مطبوعہ کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

**فتویٰ نمبر:** WAT-3803

**تاریخ اجراء:** 08ذوالقعدۃ الحرام1446ھ/06مئی2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net